# کتاب نما

ادارہ

نام کتاب : شاہ ولی اللہ دہلویؒ کی قرآنی خدمات (سیمینار مقالات)
مرتب : محمد یٰسین مظہر صدیقی وظفر الاسلام
ناشر : ادارہ علوم اسلامیہ، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ
ملنے کا پتہ : پبلیکیشنز ڈویژن، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ
سن اشاعت: ۲۰۱۳ء
صفحات : ۲۹۲
قیمت : ۲۰۰ روپے

شاہ ولی اللہ دہلویؒ (۱۷۰۳-۱۷۶۲ء) کی عبقری شخصیت، ان کی زندگی کے مختلف پہلوؤں اوران کے علمی مقام و مرتبہ کو اجاگر کرنے کی کوشش ہوتی رہی ہے۔ مولانا عبیداللہ سندھیؒ، مولانا سید مناظر احسن گیلانیؒ، مولانا محمد یوسف بنوریؒ، مولانا خیر محمد پالنپوریؒ، مولانا محمد منظور نعمانیؒ، مولانا سید ابوالحسن علی ندویؒ، مولانا اخلاق حسین قاسمیؒ اور پروفیسر محمد یٰسین مظہر صدیقی وغیرہم نے وقتاً فوقتاً تفصیلی اور تحقیقی انداز میں اس پر روشنی ڈالی ہے۔ ادارہ علوم اسلامیہ، مسلم یونیورسٹی علی گڑھ اور دوسرے اداروں کے زیر اہتمام شاہ صاحب کی حیات و خدمات پر مذاکرے، سیمینار اور مباحثے ہوتے رہے ہیں اور ان پر کتابوں کی اشاعت کا سلسلہ بھی جاری ہے۔ ادارہ علوم اسلامیہ (علی گڑھ مسلم یونیورسٹی) کے زیر اہتمام ۵-۶ دسمبر ۲۰۰۳ء کو ''شاہ ولی اللہ دہلوی کی قرآنی خدمات'' کے موضوع پر دوروزہ سیمینار کا انعقاد بھی اسی سلسلے کی ایک اہم پیش رفت تھی اور اس کا مقصد ان کی قرآنی

خدمات اجاگر کرنا اوران کی اہمیت وافادیت کولوگوں کے سامنے پیش کرنا تھا۔ زیرِ تعارف کتاب اسی سیمینار میں پیش کردہ مقالات کا مجموعہ ہے۔ اسے پروفیسر یٰسین مظہر صدیقی اور پروفیسر ظفرالاسلام اصلاحی نے موضوعاتی ترتیب کے لحاظ سے مرتب کیا ہے۔ کتاب کے شروع میں پروفیسر یٰسین مظہر صدیقی کا مقدمہ ہے۔ اس میں انھوں نے شاہ ولی اللہ کی قرآنی خدمات کا جامع انداز میں جائزہ لیا ہے۔ اس کے بعد پروفیسر ظفرالاسلام اصلاحی کے تعارفی کلمات مجموعہ مقالات کے مشمولات کا احاطہ کرتے ہیں اوراس کی وقعت، اہمیت وافادیت پر روشنی ڈالتے ہیں۔ اس مجموعہ مقالات میں شامل ۲۰ مقالات کی فہرست سے حضرت شاہ صاحبؒ کی ہمہ جہت قرآنی خدمات کا کسی حد تک اندازہ ہوسکے گا اور وہ یہ ہیں: مقدمہ فتح الرحمٰن بترجمۃ القرآن کا تجزیاتی مطالعہ (مولانا ضیاء الدین اصلاحی)، الفوز الکبیر فی اصول التفسیر- ایک مطالعہ (ڈاکٹر جمشید احمد ندوی)، فتح الخبیر بما لابد من حفظہ فی علم التفسیر- ایک مطالعہ (ڈاکٹر علیم اشرف جائسی)، تفسیر قرآن میں اسباب نزول کا مقام (ڈاکٹر محمد رضی الاسلام ندوی)، حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی اور ناسخ ومنسوخ آیات (ڈاکٹر محمد سلیم قاسمی)، شاہ ولی اللہ دہلوی اور حروف مقطعات (ڈاکٹر نازش احتشام اعظمی)، فتح الرحمٰن کے امتیازات، فقہی تشریحات کے حوالہ سے (پروفیسر ظفرالاسلام اصلاحی)، شاہ ولی اللہ کی فقہی تحریروں میں قرآنی استدلال (ڈاکٹر ضیاء الدین فلاحی)، شاہ ولی اللہ اور فقہی مسائل میں قرآنی استدلال (ڈاکٹر محمد مشتاق تجاروی)، فقہ اسلامی سے متعلق چند قرآنی اصطلاحات اور حضرت شاہ ولی اللہ (مولانا محمد عاشق صدیقی)، قرآن مجید اور ولی اللّٰہی تصوف (پروفیسر محمد یٰسین مظہر صدیقی)، شاہ ولی اللہ کا نظریہ ارتفاقات اور قرآنی منہاجیات (ڈاکٹر عبیداللہ فہد)، ازالۃ الخفاء کے قرآنی مباحث (مولانا عبید اقبال عاصم)، سیاسی فکر ولی اللّٰہی کی قرآنی بنیادی (پروفیسر بدالدین الحافظ)، الفکر القرآنی فی رسائل الامام ولی اللہ (مولانا محمد طاہر الندوی)، شاہ ولی اللہ دہلوی کی فارسی میں قرآنی خدمات (پروفیسر عبدالقادر جعفری)، شاہ ولی اللہ دہلویؒ کی قرآنی بصیرت (پروفیسر زبیر احمد فاروقی)، ہندوستان میں قرآن کی عوامی مقبولیت اور حضرت شاہ ولی اللہ کی خدمات (ڈاکٹر

محمد اسحاق)، شاہ ولی اللہ دہلوی کی حکمت قرآن- مولانا عبید اللہ سندھی کے افکار کا مطالعہ (ڈاکٹر عبدالمجید خاں)، شاہ ولی اللہ کا تصور سعادت اور قرآن (ڈاکٹر حیات عامر حسینی)۔

شاہ ولی اللہ کی قرآنی خدمات پر مطالعہ و تحقیق کے لیے سیمینار مقالات کا یہ مجموعہ بلاشبہ بہت مفید ثابت ہوگا۔ (ابوسعد اعظمی)

نام کتاب : امام فراہیؒ کے قرآنی افکار

مرتب : عبیداللہ فراہی

ناشر : دائرہ حمیدیہ، مدرسۃ الاصلاح، سرائے میر، اعظم گڑھ

سن اشاعت: ۲۰۱۳ء

صفحات : ۳۱۰

قیمت : ۲۵۰ روپیے

مرتب کتاب پروفیسر عبیداللہ فراہی (نبیرہ مولانا حمید الدین فراہی) کتب فراہی کی ترتیب وتدوین اور فکر فراہی کی ترویج واشاعت میں بدستور مصروف وسرگرم ہیں۔ تفسیر نظام القرآن و تاویل الفرقان بالفرقان ، رسائل الامام الفراہی (الجزء الثانی)، حجج القرآن، حکمۃ القرآن، تعلیقات فی تفسیر القرآن وغیرہ جیسی امام فراہیؒ کی مستند اور بلند پایہ علمی تصنیف کی ترتیب واشاعت میں ان کی شب و روز کی محنت شاقہ شامل ہے۔ زیر تعارف کتاب بھی اسی اہم سلسلہ کی ایک کڑی ہے۔

اس کتاب کو پروفیسر عبیداللہ فراہی نے مولانا فراہی کے مجموعہ تفاسیر اور قرآنی علوم پر ان کی مختلف تصنیفات (حجج القرآن، حکمۃ القرآن، القائد الی عیون العقائد، مفردات القرآن، تعلیقات فی تفسیر القرآن، دلائل النظام، ذبیح کون ہے؟) سے اخذ کرکے مرتب کیا ہے۔ کتاب کے شروع میں سات صفحات پر مشتمل پیش لفظ ہے اور اس میں کتاب کی اہمیت وافادیت پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ کتاب کے شروع میں سات صفحات پر